**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

مورخہ 26.05.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | گورنر جعفر مندوخیل پارلیمانی وفد کے ہمراہ بیجنگ پہنچ گئے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ صوبے میں تعلیمی بہتری کیلئے موثر اقدامات کر رہے ہیں، زرین مگسی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | دہشتگردوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کا آغاز ہوگیا، رانا ثناء اللہ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | اسپیشل پرسنز ہمارے سماج کا اہم حصہ ہیں، شعیب نوشیروانی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | بھارت کی بلوچستان میں خفیہ دہشتگردی مہم وکی لیکس نے پول کھول دیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | بلوچستان کے زیتون تیل نے امریکہ میں تمغہ جیت لیا | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | جامعات کے اساتذہ وملازمین کو دیئے جانے والے چھ الاؤنسز ختم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | ٹین بلین سونامی پروجیکٹ میں بے قاعدگی کی خبر من گھڑت ہے، محکمہ جنگلات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بلوچستان بھر میں سات روزہ انسداد پولیو مہم آج شروع ہوگی، ایمرجنسی آپریشن سنٹر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | بی ایم سی انتظامیہ نے پروپیگنڈہ مسترد کرکے حقائق سامنے رکھ دیئے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | قیدیوں کو ہر ممکن سہولیات دے رہے ہیں، آئی جی جیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | لاہور قلندرز نے کوئٹہ کو ہرا کر پی ایس ایل کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | سیاسی جماعتیں نوجوانوں کو مایوسی سے نکالنے کیلئے کردار ادا کریں، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | بلوچستان کے نوجوانوں پر روزگار کے دروازے بند کئے جا رہے ہیں، مولانا ہدایت الرحمان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | بلوچستان میں بھرپور آپریشن کی ضرورت ہے، انوار الحق کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | سیاسی عدم استحکام کے باعث ملکی بحرانوں میں اضافہ ہو رہا ہے، پشتونخوا میپ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | کھیلوں کے میدان آباد کرنے سے منشیات کا خاتمہ ممکن ہے، زرک مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

حب سٹی پولیس کی کارروائیاں ملزمان گرفتار منشیات اسلحہ وموٹرسائیکلیں برآمد، بوستان میں مسافر اغوا اسسٹنٹ کمشنر نے لین دین کا تنازعہ قرار دیدیا، سدابہار کمپنی کا کسی سے لین دین کا کوئی تنازعہ نہیں، ترجمان، ساکران پولیس کی کارروائی اشتہار ملزم گرفتار مزید تفتیش جاری،

## عوامی مسائل:

نوکچا سے نوشکی تالکپاس شاہراہ کی تعمیر میں تاخیر، حادثات اور دیگر مشکلات کا سامنا، کوئٹہ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پانی کا بحران سر اٹھانے لگا، جناح روڈ کوئٹہ پر دکانداروں کا راج فٹ پاتھ پر بھی قبضہ ریڑھیاں لگا کر آمدورفت بند کردیا

CS CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 26.05.2025

**اداریہ:**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے " **بھارت دہشت گرد ریاست!!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بھارت کی مودی حکومت نے دنیا بھر میں دہشت گردی کی سرگرمیوں کی سرپرستی کو جس طرح باقاعدہ ریاستی پالیسی کی حیثیت دے رکھی ہے، اب وہ ایک معروف حقیقت ہے۔ امریکہ اور کینیڈا تک اس کا نشانہ بنے ہیں جبکہ پاکستان بھارت کی اس پالیسی کا خصوصی ہدف ہے۔ افواج پاکستان کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے گزشتہ روز اسی تناظر میں وفاقی سیکرٹری داخلہ محمد خرم آغا کے ہمراہ مشترکہ پریس پریس کانفرنس میں خطے کی سیکورٹی صورتحال، بھارتی اقدامات اور خضدار میں بچوں کی اسکول بس کو بم دھماکے کا نشانہ بنائے جانے سمیت دہشت گردی کے واقعات پر تفصیلی گفتگو کی۔ پاک فوج کے ترجمان کا کہنا تھا کہ خضدار واقعے میں فتنہ الہندوستان ملوث ہے۔ پریس کانفرنس میں ناقابل تردید دستاویزی اور آڈیو ویڈیو ثبوت وشواہد کی روشنی میں دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہونے کے دعویدار بھارت کا اصل چہرہ عالمی سطح پر دہشت گردی کی سوچی سمجھی اور منظم کارروائیوں میں ملوث ریاست کی حیثیت سے بے نقاب کیا گیا اور اس کی بیس سالہ دہشت گردی کی تفصیلات پیش کی گئیں۔ یہ امر بھی واضح کیا گیا کہ فتنہ ہندوستان اور فتنہ خوارج نے پاکستان میں دہشت گردی کیلئے گٹھ جوڑ کر رکھا ہے۔ بتایا گیا کہ پاکستان کی جانب سے دوبار اقوام متحدہ کو بھی بھارتی دہشت گردی کے ٹھوس شواہد دیے جاچکے ہیں۔ پاکستان میں بھارتی پشت پناہی میں جاری دہشت گردی کے معاملے میں ایک نہایت اہم پیش رفت اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا اس ضمن میں متحرک ہونا ہے۔

**اداریے:**

روزنامہ میزان کوئٹہ "**انسداد پولیو مہم باہمی تعاون سے کامیاب بنانے کا عزم** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ "Balochistan demands Real Development in FY 2525-26" عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 26 MAY 2025 Page No. 1

## گورنر جعفر مندوخیل پارلیمانی وفد کے ہمراہ بیجنگ پہنچ گئے

**سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر مالک، صادق عمرانی، میر عاصم کیلو، داؤد خان اچکزئی، چنگیز خان مری اور بایزید خان کاسی وفد میں شامل**

**دورے کا مقصد دونوں ملکوں میں اقتصادی تعلقات کو مضبوط بنانا، خطے میں امن و استحکام، تعلیمی شعبے میں تعاون کو فروغ دینا ہے**

بیجنگ (غ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل 10 روزہ سرکاری دورے پر متعدد پارلیمنٹرین کے وفد کے ہمراہ چین کے دارالحکومت بیجنگ پہنچ گئے. واضح رہے کہ سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر عبد المالک بلوچ، صوبائی وزیر ایریگیشن صادق عمرانی، میر عاصم کرد گیلو، عوامی نیشنل پارٹی کے داود خان اچکزئی اور چنگیز خان مری اور بایزید خان کاسی گورنر بلوچستان کے ہمراہ ہیں. گورنر بلوچستان کا یہ دورہ پاکستان اور چین کے درمیان پائیدار دوستی میں ایک اہم سنگ میل کی نشاندہی کرتا ہے جس کا مقصد اقتصادی تعلقات کو مضبوط بنانے، خطے میں امن و استحکام کو فروغ دینے بالخصوص بلوچستان میں ہائیر ایجوکیشن سیکٹر اعلیٰ اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں تعاون کو فروغ دینا ہے۔ اس دورے کے ٹھوس نتائج برآمد ہونے کی توقعات ہیں جس میں بلوچستان اور چین کے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے درمیان مضبوط تعلقات، نوجوانوں کیلئے اسکالرشپ پروگرام اور ان کو جدید مہارتوں سے آراستہ کرنے کیلئے تبادلہ پروگراموں کو فروغ دینا شامل ہے۔ چائنیز حکام کے سے ملاقاتوں میں جنوبی ایشیا میں رونما ہونے والی معاشی اور سیاسی تبدیلیوں پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا. پاکستان اور چین کے درمیان سفارت کاری اور باہمی افہام و تفہیم پر مبنی شراکت داری نے تعاون کی مضبوط بنیاد رکھی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## گورنر جعفر خان مندوخیل پارلیمنٹرین وفد کے ہمراہ بیجنگ پہنچ گئے

**گورنر کا دورہ پاک چین پائیدار دوستی میں ایک اہم سنگ میل کی نشاندہی کرتا ہے**

بیجنگ/کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل 10 روزہ سرکاری دورے پر متعدد پارلیمنٹرین کے وفد کے ہمراہ چین کے دارالحکومت بیجنگ پہنچ گئے ......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

واضح رہے کہ سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر عبد المالک بلوچ، صوبائی وزیر ایریگیشن صادق عمرانی، میر عاصم کرد گیلو، عوامی نیشنل پارٹی کے داود خان اچکزئی اور چنگیز خان مری اور بایزید خان کاسی گورنر بلوچستان کے ہمراہ ہیں. گورنر بلوچستان کا یہ دورہ پاکستان اور چین کے درمیان پائیدار دوستی میں ایک اہم سنگ میل کی نشاندہی کرتا ہے جس کا مقصد اقتصادی تعلقات کو مضبوط بنانے، خطے میں امن و استحکام کو فروغ دینے بالخصوص بلوچستان میں ہائیر ایجوکیشن سیکٹر اعلیٰ اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں تعاون کو فروغ دینا ہے۔ اس دورے کے ٹھوس نتائج برآمد ہونے کی توقعات ہیں جس میں بلوچستان اور چین کے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے درمیان مضبوط تعلقات، نوجوانوں کیلئے اسکالرشپ پروگرام اور ان کو جدید مہارتوں سے آراستہ کرنے کیلئے تبادلہ پروگراموں کو فروغ دینا شامل ہے۔ چائنیز حکام کے سے ملاقاتوں میں جنوبی ایشیا میں رونما ہونے والی معاشی اور سیاسی تبدیلیوں پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا. پاکستان اور چین کے درمیان سفارت کاری اور باہمی افہام و تفہیم پر مبنی شراکت داری نے تعاون کی مضبوط بنیاد رکھی ہے۔ امید ہے یہ دورہ اقتصادی اور تعلیمی تعلقات کو مزید فروغ دیگا، دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی کو مضبوط کریگا اور دونوں ممالک کیلئے مثبت نتائج برآمد ہونگے۔

CamScanner

## وزیراعلیٰ صوبے میں تعلیمی بہتری کیلئے موثر اقدامات کر رہے ہیں، زرین مگسی

تعلیم معاشرتی ترقی کی بنیاد ہے، صوبے میں معیاری تعلیمی سہولیات فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، پارلیمانی سیکریٹری برائے سیاحت و ثقافت

**آئندہ مالی سال کے بجٹ اور ترقیاتی اسکیموں میں تعلیمی اداروں کے انفرااسٹرکچر کی بہتری اور اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کی تجاویز زیر غور ہیں**

اوتھل (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان صوبے میں تعلیم کے فروغ اور بہتری کے لیے سنجیدہ اور موثر اقدامات کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پارلیمانی سیکریٹری برائے سیاحت و ثقافت اور رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ میر زرین خان مگسی نے بیلہ میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (میل) (سید حسن شاہ قریشی) سے خصوصی ملاقات کے دوران کیا۔ جس میں بیلہ سب ڈویژن میں جاری تعلیمی صورتحال، درپیش چیلنجز اور مستقبل کی ترجیحات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران نوابزادہ زرین خان مگسی نے کہا کہ تعلیم ہر معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے اور بلوچستان کے بچوں کو معیاری اور آسان تعلیمی سہولیات فراہم کرنا ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ اور ترقیاتی اسکیموں میں تعلیمی اداروں کے انفرااسٹرکچر کی بہتری، اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے، اور غیر فعال اسکولوں کی بحالی کے لیے جامع تجاویز تیار کی جاری ہیں۔ ڈی ڈی او ایجوکیشن بیلہ سید حسن شاہ قریشی نے رکن اسمبلی کو بیلہ میں موجود سرکاری اسکولوں کی موجودہ صورتحال، ناکافی سہولیات، تدریسی عملے کی قلت، اور اسکولوں کی فعالی کے مسائل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ بعض تعلیمی ادارے انفرااسٹرکچر کی ابتر حالت یا عملے کی عدم دستیابی کے باعث فعال نہیں ہو پا رہے، جس سے طلبہ کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے۔ نوابزادہ زرین خان مگسی نے اس موقع پر یقین دہانی کروائی کہ بیلہ کے تمام تعلیمی اداروں کو ترقیاتی پروگراموں میں شامل کیا جائے گا اور ان مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے فوری رابطہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی میدان میں مثبت تبدیلی لانے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مربوط انداز میں کام کرنا ہوگا۔ ملاقات میں تعلیمی اصلاحات کے حوالے سے مختلف تجاویز بھی زیر غور آئیں اور فیصلہ کیا گیا کہ محکمہ تعلیم کی جانب سے مرتب کردہ سفارشات کو آئندہ بجٹ میں شامل کر کے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ عوامی و تعلیمی حلقوں نے اس ملاقات کو علاقے میں تعلیمی ترقی کی سمت اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔

## معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں، دہشتگردوں کیخلاف فیصلہ کن کارروائی کا آغاز ہو گیا، رانا ثناء اللہ

پاکستان کی سرزمین دہشت گردوں کیلئے تنگ ہو جائے گی، فیٹف پر بھی بھارت کو بھرپور جواب دیا جائے گا

**وفاقی بجٹ بڑھانے کی ضرورت، سیاسی مسائل کا حل ٹیبل پر ہوتا ہے، جاؤ گھیراؤ سے نہیں، نجی ٹی وی سے گفتگو**

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء نے کہا ہے دہشتگردوں کیخلاف فیصلہ کن کارروائی کا آغاز ہو گیا، نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء نے کہا خضدار کے معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں، پاکستان کی سرزمین دہشت گردوں کیلئے تنگ ہو جائے گی، فیٹف پر بھی بھارت کو بھرپور جواب دیا جائے گا، وفاقی بجٹ بڑھانے کی ضرورت ہے، وفاقی بجٹ بڑھانے پر بار بار غور ہوا، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے بھی یہی کہا عوام پر بوجھ ڈالے بغیر وفاقی بجٹ کو بڑھایا جائے، سیاسی مسائل کا حل ٹیبل پر ہوتا ہے، جلاؤ گھیراؤ .......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

سے نہیں، وزیراعظم 2 بار پی ٹی آئی کو ہر ایشو پر مذاکرات کی آفر کر چکے، پی ٹی آئی نے دوبارہ پرتشدد احتجاج کیا تو اجازت نہیں دیں گے۔



## اسپیشل پرسنز ہمارے سماج کا اہم حصہ ہیں، شعیب نوشیروانی

**مختص کوٹہ پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، ان کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیح ہے**

خاران (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ اسپیشل پرسنز (معذور افراد) ہمارے سماج کا ایک باوقار اور اہم حصہ ہیں، ان کی فلاح و بہبود بلوچستان حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خاران میں انجمن اتحاد معذوران کے صدر نصیب اللہ اور احتشام الحق کی سربراہی میں آئے ہوئے معذورین کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ میر بقیہ نمبر 46 صفحہ 5 پر

شعیب نوشیروانی نے کہا کہ معذور افراد کو کسی صورت مایوس نہیں کریں گے، ان کے لیے مختص کوٹے پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے اعلان کیا کہ بلوچستان حکومت بہت جلد معذور افراد کے لیے ایک خصوصی انکم سپورٹ اسکیم کا آغاز کرے گی تاکہ وہ باعزت طریقے سے اپنی زندگی گزار سکیں۔ اس کے ساتھ ساتھ انہیں مصنوعی اعضاء، ویل چیئرز اور دیگر ضروری آلات بھی فراہم کیے جائیں گے تاکہ وہ روزمرہ زندگی میں آسانی کے ساتھ اپنا کردار ادا کر سکیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ اسپیشل پرسنز نے بھی اپنی معذوری کو کمزوری نہیں سمجھا بلکہ اپنی صلاحیتوں کے بل بوتے پر خودکفالت کی مثالیں قائم کی ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 26 MAY 2025 Page No. 3

## بھارت کی بلوچستان میں خفیہ دہشتگردی مہم، وکی لیکس نے پول کھول دیا

### امریکی سفارتی کیبلز گواہی دیتی ہیں عالمی مبصرین پاکستان میں جاری بھارتی خفیہ سرگرمیوں سے باخبر تھے، رپورٹ

پاکستان کا موقف مضبوط، دنیا جنوبی ایشیا میں بھارتی مداخلت و دہشتگردی کے پھیلاؤ کا سنجیدگی سے نوٹس لے، تجزیہ کار

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) بھارت 2 دہائیوں سے بلوچستان میں دہشتگردی کی منظم اور خفیہ مہم چلا رہا ہے، تصدیق اب عالمی انکشافات سے بھی ہونے لگی، وکی لیکس کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ میں کہا گیا امریکی سفارتی کیبلز گواہی دیتی ہیں عالمی مبصرین پاکستان میں جاری بھارتی خفیہ سرگرمیوں سے باخبر تھے، رپورٹ کے مطابق سال 2009 میں مصر......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

میں ہونیوالی دو طرفہ بات چیت کے دوران پاکستان نے بھارت کی بلوچستان میں مداخلت کا معاملہ بین الاقوامی سطح پر اٹھایا، 2015 اور 2019 میں پاکستان نے باقاعدہ طور پر اقوام متحدہ کو بھارتی مداخلت کے تفصیلی ڈوزیئرز بھی پیش کیے، 2016 میں بھارتی خفیہ ایجنسی "را" کے حاضر سروس نیول افسر کلبھوشن یادیو کو بلوچستان سے گرفتار کیا گیا جس نے دوران تفتیش بلوچستان میں تخریب کاری، بم دھماکوں اور علیحدگی پسند عناصر کو سپورٹ کرنے جیسے سنگین جرائم کا اعتراف کیا، کلبھوشن کا اعتراف عالمی سطح پر بھارت کے خفیہ عزائم کو بے نقاب کرنے میں اہم سنگ میل ثابت ہوا، 2023 میں علیحدگی پسند کمانڈر سرفراز بنگلزئی اور گلزار امام شمبے کی گرفتاری، اعترافات نے ایک بار پھر پاکستان کے دیرینہ موقف کی تائید کر دی، بھارت بلوچستان میں بدامنی کو ہوا دینے اور دہشتگردی کو فروغ دینے میں براہ راست ملوث ہے، تجزیہ کاروں کے مطابق شواہد سے نہ صرف پاکستان کا موقف مضبوط ہوا بلکہ عالمی برادری پر بھی ذمہ داری عائد ہوتی ہے جنوبی ایشیا میں بھارتی مداخلت و دہشتگردی کے پھیلاؤ کا سنجیدگی سے نوٹس لے اور بھارت کو سازشوں پر جوابدہ ٹھہرائے۔

## بلوچستان کے زیتون تیل نے امریکہ میں تمغہ جیت لیا

زمینداروں کو کاشت کی جانب راغب کرکے پیداوار بڑھائی جا سکتی ہے، ماہرین

نیویارک (نیوز رپورٹ) ضلع لورالائی میں پیدا ہونے والے زیتون کے تیل نے امریکہ میں منعقدہ عالمی مقابلے میں کانسی......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

کا تمغہ جیت لیا، اعزاز نہ صرف مقامی کاشتکاروں کی محنت کا اعتراف ہے بلکہ صوبے میں زیتون کی کاشت کے روشن مستقبل کی نوید بھی ہے، زرعی ماہرین نے کہا زمینداروں کو زیتون کی کاشت کی جانب راغب کرکے پیداوار بڑھائی جا سکتی ہے، روزگار کے مواقع اور زرمبادلہ دونوں میں اضافہ ممکن ہے۔

## ٹین بلین سونامی پروجیکٹ میں بے قاعدگی کی خبر من گھڑت ہے، محکمہ جنگلات

### کرپشن کے دعوے حقائق کے بالکل منافی اور سراسر دروغ گوئی پر مبنی ہیں، ترجمان

کوئٹہ (خ ن) محکمہ جنگلات و جنگلی حیات حکومت بلوچستان نے سوشل میڈیا پر چلنے والی خبروں میں ٹین بلین سونامی پراجیکٹ کے تحت 16 ارب 80 کروڑ روپے کی بے قاعدگیوں کے الزامات کی شدید تردید کر دی ہے محکمہ کے ترجمان نے واضح کیا ہے کہ یہ دعوے حقائق کے بالکل منافی اور سراسر دروغ گوئی پر مبنی ہیں، عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ایسے من گھڑت......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

اور غیر تصدیق شدہ بیانات پر کان نہ دھریں محکمہ جنگلات کے مطابق پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کو جمع کروائی گئی آڈٹ رپورٹس میں گزشتہ تین مالی سالوں (2019`20`22) کے دوران پراجیکٹ کا کل خرچ 1 ارب 52 کروڑ 36 لاکھ روپے ریکارڈ کیا گیا ہے، جو دعوؤں میں بیان کردہ رقم سے بہت کم ہے اس منصوبے میں محکمہ جنگلات کے 35 ڈپٹی ڈائریکٹرز اور محکمہ تعمیرات کے 4 ڈپٹی ڈائریکٹرز شریک تھے، جنہوں نے کام کے دوران تمام قانونی اور مالی ضوابط کی پابندی کی آڈٹ رپورٹس میں چند قانونی قواعد و ضوابط کے تحت اعتراضات سامنے آئے تھے، جن کا جواب محکمہ نے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس میں باقاعدہ قانونی دستاویزات کے ساتھ پیش کیا محکمہ جنگلات نے مزید کہا کہ یہ شفاف کارروائی اس بات کا ثبوت ہے کہ منصوبے میں کوئی بدنظمی نہیں ہوئی اور ہر شے قانونی دائرے میں رہی محکمہ کے ترجمان نے تنبیہ کی کہ بعض بعض پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے ادارے سوشل میڈیا کے غیر مصدقہ اور من گھڑت خبروں کو اپنے چینلز اور اخبارات میں شائع کرکے محکمے کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، جو انتہائی افسوسناک اور غیر ذمہ دارانہ اقدام ہے انہوں نے عوام سے گزارش کی کہ وہ صرف محکمہ کی آفیشل معلومات اور پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی تصدیق شدہ رپورٹس پر بھروسہ کریں آخر میں محکمہ جنگلات و جنگلی حیات نے اعلان کیا کہ وہ صوبے کے عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے کوشاں ہے اور آئندہ بھی قدرتی وسائل کے تحفظ و مناسب استعمال یقینی بنانے کیلئے شفاف انداز میں کام جاری رکھے گا۔

## جامعات کے اساتذہ و ملازمین کو دیئے جانے والے 6 الاؤنسز ختم

یونیورسٹی اساتذہ و ملازمین میں تنخواہوں میں کٹوتی سے تشویش کی لہر دوڑ گئی

کوئٹہ کیلئے 2022 کی بیسک پے اسکیل کا ابتدائی 25 فیصد دیگر اضلاع کیلئے 35 فیصد پی ایس یو الاؤنس متعارف

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے صوبے کی جامعات کے اساتذہ اور ملازمین کو دیئے جانے والے 6 مختلف الاؤنسز ختم کر کے ایک الاؤنس متعارف کروا دیا، تنخواہوں میں کٹوتی سے ملازمین میں تشویش کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق محکمہ کالجز، ہائیر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن بلوچستان نے صوبے کی مختلف جامعات کے ملازمین کو ملنے والے چھ الاؤنسز یوٹیلیٹی الاؤنس، ہاؤس ریکوزیشن، آرڈرلی الاؤنس، ہارڈ شپ الاؤنس، ٹیکنیکل ٹیچنگ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

الاؤنس، اسپیشل الاؤنس ختم کر کے کوئٹہ کی جامعات کیلئے 2022 کی بیسک پے اسکیل کا ابتدائی 25 فیصد جبکہ کوئٹہ سے باہر کی جامعات کیلئے 35 فیصد پی ایس یو الاؤنس متعارف کروا دیا ہے نوٹیفکیشن کے مطابق مستقبل میں کسی بھی الاؤنس میں رد و بدل کیلئے صوبائی کابینہ کی منظوری لی جائیگی جبکہ یہ پی ایس یو الاؤنس کنٹریکٹ، ایڈہاک یا ٹی ٹی ایس ملازمین کو نہیں دیا جائیگا صوبے کی جامعات کے ملازمین کو ملنے والے اس الاؤنس کا اثر پینشن اور گریجویٹی کی مد میں بھی اثر انداز نہیں ہوگا نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان حکومت اور ایچ ای سی کی گرانٹ ان ایڈ کو جامعات صرف تنخواہوں اور پنشن کی مد میں استعمال کر سکیں گی جبکہ جامعات کے دیگر اخراجات انہیں اپنی آمدن سے کرنے ہونگے جبکہ جامعات کو کہا گیا ہے کہ وہ اپنے ذرائع سے خود فنڈز پیدا کریں تاکہ حکومت پر انحصار کم کیا جا سکے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 26 MAY 2025 Page No. 4


## بلوچستان بھر میں 7 روزہ انسدادِ پولیو مہم آج شروع ہوگی، ایمرجنسی آپریشن سنٹر

**مہم میں 11 ہزار (659) کے قریب ٹیمیں حصہ لیں گی، 26 لاکھ 60 ہزار سے زائد بچوں کو بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، انعام الحق**

کوئٹہ (این این آئی) ایمرجنسی آپریشن سنٹر بلوچستان کے کوآرڈی نیٹر انعام الحق نے کہا ہے بلوچستان بھر میں پولیو کی سات روزہ مہم 26 مئی 2025 سے شروع ہوگی، مہم کے دوران 26 لاکھ 60 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے انسداد پولیو مہم کے دوران بچوں کو وٹامن اے کے قطرے بھی پلائے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایمرجنسی آپریشن سنٹر کوئٹہ کے دفتر سے جاری کردہ ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو کی یہ مہم بلوچستان بھر میں شروع کی جا رہی ہے۔ مہم کی تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ ماحولیات میں پولیو وائرس کی موجودگی کی وجہ سے والدین کو خبردار کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلائیں اور اس مہم میں پولیو ٹیموں کے ساتھ اپنے تعاون کو یقینی بنائیں اگر والدین بچوں کو قطرے نہیں پلائیں گے تو وائرس بچوں کو عمر بھر کے لئے معذور کر سکتا ہے۔ انہوں نے والدین پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے بچوں کی زندگیوں سے نہ کھیلیں پانچ سال سے کم عمر کے اپنے تمام بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلائیں اور حفاظتی ٹیکہ جات بھی ضرور لگوائیں۔ اگر کوئی بچہ پولیو کے قطرے پلانے سے بچ جائے تو والدین فوری طور پر ضلعی انتظامیہ سے رابطہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ سول سوسائٹی، اساتذہ اور علماء خصوصی طور پر اس مہم میں اپنے تعاون کو یقینی بنائیں۔ انعام الحق نے کہا کہ پولیو مہم میں 11 ہزار 659 کے قریب ٹیمیں حصہ لیں گی۔ جن میں 9 ہزار 129 موبائل ٹیمیں، 958 فکسڈ سائٹ اور 586 ٹرانزٹ پوائنٹس شامل ہیں۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر 3 بجے ہوگا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی بیسہ۔ کالج، واشک کالج اور ماشکیل کالج کے قیام کے لئے بجٹ اجراء نہ ہونے سے متعلق جبکہ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچستان کے ساحل پر ٹرالر مافیا کے خلاف اقدامات سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے۔ اجلاس میں خواتین کو کام کی جگہ پر ہراسانی سے تحفظ دینے کا ترمیمی، السداد و شکر دی بلوچستان کا ترمیمی، غلام فاروق میموریل ہسپتال بلیدہ کے مسودات قوانین پیش کیے جائیں گے۔ اجلاس میں وزیر خزانہ ڈائریکٹر ایجوکیشن اسکولز کے مالی سال 2017 سے 2022 تک کی خصوصی آڈٹ رپورٹ پیش کریں گے۔ اجلاس میں محکمہ بلدیات، محکمہ انرجی اور محکمہ مذہبی امور سے متعلق سوالات دریافت اور انکے جوابات دیئے جائیں گے۔

## بلوچستان بھر میں پولیو کی سات روزہ مہم آج سے شروع ہوگی

**26 لاکھ 60 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان بھر میں پولیو کی سات روزہ مہم آج سے شروع ہوگی، مہم کے دوران 26 لاکھ 60 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ انسداد پولیو مہم کے دوران بچوں کو وٹامن اے کے قطرے بھی پلائے جائیں گے۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق نے کہا ہے کہ انسداد پولیو کی یہ مہم بلوچستان بھر میں شروع کی جا رہی ہے۔ مہم کی تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ ماحولیات میں پولیو وائرس کی موجودگی کی وجہ سے والدین کو خبردار کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلائیں اور اس مہم میں پولیو ٹیموں کے ساتھ اپنے تعاون کو یقینی بنائیں اگر والدین بچوں کو قطرے نہیں پلائیں گے تو وائرس بچوں کو عمر بھر کے لئے معذور کر سکتا ہے۔ انہوں نے والدین پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے بچوں کی زندگیوں سے نہ کھیلیں پانچ سال سے کم عمر کے اپنے تمام بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلائیں، اور حفاظتی ٹیکہ جات بھی ضرور لگوائیں۔ اگر کوئی بچہ پولیو کے قطرے پلانے سے بچ جائے تو والدین فوری طور پر ضلعی انتظامیہ سے رابطہ کریں۔

## دکی: ڈپٹی کمشنر محمد نعیم خان کا لیویز تھانہ مانزئی اور خان بہادر کا دورہ

**حاضری چیک کی، ڈیوٹی مستعدی سے انجام دینے اور جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی ہدایت**

دکی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر محمد نعیم خان نے لیویز تھانہ مانزئی اور لیویز تھانہ خان بہادر کا دورہ کیا اسسٹنٹ کمشنر لونی مجیب الرحمٰن بلوچ اور رسالدار میجر لیویز فورس حاجی علی محمد شادوزئی بھی ان کے ہمراہ تھے انہوں نے تھانوں میں موجود اہلکاروں کی حاضری چیک کی ڈپٹی کمشنر نے اہلکاروں کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ڈیوٹی پوری مستعدی سے انجام دیں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھی جائے ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اس مقصد کے لیے لیویز فورس کو ہر سطح پر فعال اور جواب دہ بنایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی ناقص کارکردگی پر متعلقہ اہلکاروں کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔


INTEKHAB QUETTA


## بی ایم سی انتظامیہ نے پروپیگنڈہ مسترد کر کے حقائق سامنے رکھ دیئے

**سوشل میڈیا پر انتظامیہ کو بدنام کرنے کی کوشش کی گئی، معاملہ حقائق کے منافی ہے، ترجمان**

کوئٹہ (آئی این پی) بی ایم سی انتظامیہ نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے بے بنیاد پروپیگنڈے کو مسترد کرتے ہوئے اصل حقائق سامنے رکھ دیے ترجمان نے کہا کہ بے بنیاد اور من گھڑت پروپیگنڈے پر مبنی بیان میں کالج انتظامیہ کو بدنام کرنے کی کوشش کی گئی ہے یہ معاملہ حقائق کے منافی ہے اور اس پر وضاحت پیش کرنا ناگزیر ہو چکا ہے انتظامیہ نے کہا کہ جس ہاسٹل کو متنازع بنایا جا رہا ہے، وہ حال ہی میں انڈر گریجویٹ طالبات کے لیے تعمیر کیا گیا تھا تاکہ بڑھتی ہوئی طلبہ کی تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے


بقیہ نمبر 70 صفحہ 5 پر


انہیں رہائش کی سہولت دی جا سکے۔ تاہم، تعمیر مکمل ہوتے ہی غیر متعلقہ افراد نے بغیر کسی اطلاع یا اجازت کے اس ہاسٹل پر قبضہ جما لیا۔ تحقیقات کے دوران انکشاف ہوا کہ مذکورہ ہاسٹل پر پوسٹ گریجویٹ (پی جی) (خواتین ڈاکٹرز) نے غیر قانونی طور پر قبضہ کر رکھا ہے، حالانکہ ان کے لیے پہلے سے الگ ہاسٹل مختص

بی ایم سی انتظامیہ نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر انہیں متبادل رہائش کی پیشکش بھی کی، لیکن اس کے باوجود وہ نہ صرف ہاسٹل خالی کرنے کو تیار نہیں بلکہ انڈر گریجویٹ سٹوڈنٹس کے لیے مختص سہولیات پر قابض رہنے پر مصر ہیں بی ایم سی ترجمان نے کہا کہ میڈیکل کالج سے گریجویشن کے بعد کسی بھی ڈاکٹر کا ہاسٹل میں قیام کا کوئی قانونی یا اخلاقی جواز نہیں رہتا۔ پی جیز کا کالج سے کوئی تعلیمی تعلق نہیں ہوتا اور ان کا تربیتی دورانیہ 3 سے 10 سال تک محیط ہو سکتا ہے، جبکہ انہیں حکومت کی جانب سے ماہانہ ایک لاکھ روپے تک وظیفہ بھی دیا جاتا ہے۔ اس کے برعکس انڈر گریجویٹ سٹوڈنٹس کو صرف چھ ہزار روپے ماہانہ وظیفہ دیا جاتا ہے اور ان میں سے اکثر کا تعلق بلوچستان کے دور دراز علاقوں سے ہوتا ہے۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 26 MAY 2025 Page No. 5


# قیدیوں کو ہر ممکن سہولیات دے رہے ہیں، آئی جی جیل

## گڈانی سنٹرل جیل کا دورہ، مختلف شعبوں کا معائنہ، سہولیات کا جائزہ لیا

حب (ر خ ن) انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات بلوچستان عبدالسعید نوید نے گڈانی سنٹرل جیل کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے جیل کے مختلف شعبوں کا معائنہ اور جیل انتظامیہ سے تفصیلات معلوم کئے۔ اس موقع پر انہوں نے جیل کے انتظامات اور قیدیوں کو فراہم کردہ سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔ آئی جی جیل خانہ جات بلوچستان کا گڈانی سنٹرل جیل کا دورہ کرنے کا مقصد سہولیات کا جائزہ اور مسائل کے حل کرنا تھا، آئی جی جیل خانہ جات نے گڈانی سینٹرل جیل کے کچن، سیلون، اوپن ایئر جم، قیدیوں کے برکوں میں سمیت مختلف یونٹس کا دورہ کیا اور قیدیوں سے ملاقاتیں کی انہوں نے قیدیوں کے فلاح و بہبود کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کا جائزہ لیا اور ان پر اطمینان کا اظہار کیا آئی جی جیل خانہ جات نے مزید کہا کہ جیلوں کی بہتری اور قیدیوں کی سہولت کے لئے متعدد اقدامات کئے جا رہے ہیں قیدیوں کی نفسیاتی اور جسمانی صحت کی بہتری کے لئے بھی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں قیدیوں کو جیل کے اندر مختلف مہارت سکھائے جا رہے ہیں تا کہ وہ جیل سے نکل کر مالی طور پر ان کی مدد ہو سکے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جیل کے تمام قیدیوں کو قانون کے مطابق سہولیات دی جا رہی ہیں۔

# لاہور قلندرز نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو ہرا کر پی ایس ایل کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا

## لاہور قلندرز نے گلیڈی ایٹرز کی جانب سے ملنے والا 202 رنز ہدف آخری اوور میں باآسانی حاصل کرلیا

### آئندہ بھی پاک بحریہ دشمن کے خلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی، سربراہ پاک بحریہ، پی ایس ایل کا فائنل پاکستان نیوی کے نام

لاہور (انتخاب نیوز) پاکستان سپر لیگ سیزن 10 کے فائنل معرکے میں لاہور قلندرز نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو 6 وکٹوں سے شکست دیکر تیسری بار ٹرافی اپنے نام کرلی۔ لاہور قلندرز نے گلیڈی ایٹرز کی جانب سے ملنے والا 202 رنز ہدف آخری اوور میں 3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا، کوشال پریرا 62 رنز اور سکندر رضا 18 رنز کیساتھ ناقابل شکست رہے۔ لاہور قلندرز کی جانب سے اننگز کا آغاز فخر زمان اور محمد نعیم نے انجائی جارحانہ انداز

بقیہ نمبر 10 صفحہ 5 پر

سے کیا تاہم 39 کے مجموعی سکور پر فخر زمان 11 رنز پر ایل بی ڈبلیو آؤٹ ہوگئے، محمد نعیم 46، عبداللہ شفیق 41، ربیہ پاکسا 14 رنز بنا کر پویلین لوٹے۔ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) سیزن 10 کے فائنل میچ میں پاک بحریہ کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر پاک بحریہ نے خصوصی ویڈیو بھی جاری کردی جس میں سربراہ پاک بحریہ نے پیغام دیا ہے کہ آئندہ بھی پاک بحریہ دشمن کے خلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی۔ پاک بحریہ نے حالیہ آپریشن بنیان مرصوص میں سمندر میں دشمن کے جارحانہ عزائم کو بروقت روک کر ایک مرتبہ پھر سمندری دفاع میں اپنی برتری ثابت کی۔ بنیان مرصوص کے دوران پاکستان نیوی نے جس پیشہ ورانہ مہارت اور حکمت عملی کا مظاہرہ کیا وہ پاک بحریہ کی مضبوط دفاعی صلاحیتوں کا آئینہ دار ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 26 MAY 2025

Page No. 7

## سیاسی جماعتیں نوجوانوں کو مایوسی سے نکالنے کیلئے کردار ادا کریں، نیشنل پارٹی

### نوجوانوں کو بھڑکانے کا وقت نہیں [illegible] کے ذریعے ہی ہم بلوچستان کو حقوق دلا سکتے ہیں، رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے نوجوان کو مایوسیوں سے نکالنے کے لئے سیاسی جماعتوں نے کردار ادا کرنا ہوگا تمام سیاسی جماعتوں کو نوجوانوں کے اعتماد کو بحال کرنے کے لئے متحد ہونا پڑے، بلوچستان میں خرید وفروخت عوامی نمائندگی کا پیمانہ ہے فکری و نظریاتی سیاست کو کوئی ختم نہیں کر سکتا نوجوانوں کو بھڑکانے کی سیاست کا وقت نہیں، سیاسی جدوجہد کے ذریعے ہی ہم بلوچستان کو حقوق دلا سکتے ہیں، ہمیں جذبات سے نہیں بلکہ عقل و دانشمندی سے سیاسی جدوجہد کرنی ہوگی۔ یہ بات نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماؤں سردار کمال خان بنگلزئی،، اسلم بلوچ، میر رحمت صالح بلوچ، ڈاکٹر اسحاق بلوچ، خیر جان بلوچ، کلثوم نیاز، عطاء محمد بنگلزئی، شاہ ویز بزنجو، سردار جہانگیر ساسولی نے اتوار کو کوئٹہ میں نیشنل پارٹی کے رہنما محی الدین ساسولی کی برسی کے موقع پر تعزیتی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر سردار کمال خان بنگلزئی نے کہا کہ نیشنل پارٹی تمام اقوام کی نمائندہ جماعت ہے جیسے بلوچ کی بجائے آج سے جیئے بلوچستان کا نعرہ لگ گیا بلوچستان میں عوام کی امیدیں تمام اداروں سے اٹھ گئی ہیں امیدیں جب ختم ہوجائیں تو حالات خطرناک صورتحال اختیار کر جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان کو مایوسیوں سے نکالنے کے لئے سیاسی جماعتوں نے کردار ادا کرنا ہوگا تمام سیاسی جماعتوں کو نوجوانوں کے اعتماد کو بحال کرنے کے لئے متحد ہونا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے وسائل کی مالک صوبے کے نوجوان ہیں بندوق کی بجائے اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کرنے کی ضرورت ہے ہم نے سیاسی میدان میں شعور کے ذریعے اپنے حقوق حاصل کرنے ہیں۔ نیشنل پارٹی کی منزل نیشنل عوامی پارٹی ہے۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اسلم بلوچ نے کہا کہ ہمارے اکابرین نے ہمیں بندوق کے ذریعے جدوجہد کرنے کا درس نہیں دیا ہم جمہوری طریقے سے جدوجہد پر یقین رکھتے ہیں طاقت سے بلوچستان کے مسائل حل نہیں ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچ اپنے حقوق سے بے خبر نہیں بلوچستان اسمبلی میں کل اینٹی ٹیررسٹ بل لایا جارہا ہے بل میں سیکورٹی اداروں کو پولیس کے اختیارات دیئے جارہے ہیں اس بل کی نیشنل پارٹی بھرپور مخالفت کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچ اپنی سرزمین پر عزت کے ساتھ بیٹھا ہے بلوچ کو انڈین ایجنٹ قرار دے کر نفرتوں میں اضافہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کسی زبان، مذہب یا قوم کی مخالف نہیں ہے۔ رکن اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ بلوچستان آج گمبھیر صورتحال سے دوچار ہے آج بلوچستان میں سیاسی جماعتیں اور کارکن مقابل قبول نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں خرید وفروخت عوامی نمائندگی کا پیمانہ ہے فکری و نظریاتی سیاست کو کوئی ختم نہیں کر سکتا نوجوانوں کو بھڑکانے کی سیاست کا وقت نہیں۔ رحمت بلوچ نے کہا کہ کچھ سیاسی جماعتیں نیشنل پارٹی کو ہدف تنقید بنا کر اپنی دوکانداری نہ چمکائیں بلوچستان میں ٹرانسفر پوسٹنگ پر کرپشن کا بازار گرم ہے۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ڈاکٹر اسحاق بلوچ نے کہا کہ مرکزی حکومت بلوچستان کے گیس رائلٹی کی مد میں سات سو ارب کی مقروض ہے بلوچستان سندھ اور پنجاب کے ٹیکسز پر نہیں چل رہا بلوچستان قدرتی دولت سے مالا مال صوبہ ہے۔ رکن بلوچستان اسمبلی خیر جان بلوچ نے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی جدوجہد کے ذریعے ہی ہم بلوچستان کو حقوق دلا سکتے ہیں، ہمیں جذبات سے نہیں بلکہ عقل و دانشمندی سے سیاسی جدوجہد کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ فارم 47 کے ذریعے ہماری جدوجہد کو نہیں روکا جا سکتا، منظم و توانا آواز ہوگی تو دیکھیں گے کہ ہماری کشتیں کون چھینے گا، ہم اپنی سوچ اور نظریے کا ہمیشہ دفاع کریں گے۔ نیشنل پارٹی خواتین ونگ کی رہنما اور رکن بلوچستان اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ نے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی نے ہمیشہ بلوچستان کے حقوق کے لیے آواز بلند کی، ظلم و جبر کا شکار رہنے والے بلوچستان کے عوام کی آواز ہمیشہ بلند کریں گے، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پنجاب اور سندھ کے پیسے سے بلوچستان چلتا ہے، میں سرفراز بگٹی کو کہتی ہوں کہ بلوچستان سے پورا پاکستان چلتا ہے۔

---

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان کے نوجوانوں پر روزگار کے دروازے بند کئے جارہے ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

### بزدلی کا راستہ نہیں بلکہ حقوق کے حصول کیلئے اسلام آباد کی طرف مارچ اور کوئٹہ میں 1 لاکھ افراد کا دھرنا دیں گے، امیر جماعت اسلامی

### بلوچستان میں تعلیم وصحت ناپید، شاہراہیں غیر محفوظ، منشیات عام، چیک پوسٹوں پر رشوت کا بازار گرم ہے، یوتھ جرگہ سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ حکمران ہمیں مردہ وغلام قوم سمجھ رہے ہیں بلوچستان کے نوجوانوں کو مزدوری، وکاروبار کی [illegible] کرنے دیا جارہا غیر لوگ ہم سے شناخت مانگ رہے ہیں سازش کے تحت بیزار ومجبور کرکے ہمیں پہاڑوں کی طرف دھکیلا جارہا ہے ہم جمہوری مزاحمت جاری رکھیں گے بزدلی کا راستہ کسی صورت اختیار نہیں کریں گے حقوق کے حصول مسائل کے حل کیلئے اسلام آباد کی طرف مارچ اور کوئٹہ میں ایک لاکھ افراد کا دھرنا دیں گے ظلم وجبر قتل وغارت گری کی وجہ سے ......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

ہمارے قبرستانوں میں بوڑھوں سے زیادہ نوجوانوں کی قبریں ہیں امن کیلئے ہمارے لاپتہ افراد کو بازیاب، قانونی تجارت کیلئے بارڈرز بحال اور حقوق دیئے جائیں پرنٹ میڈیا بالخصوص الیکٹرانک میڈیا بلوچستان کے مسائل اجاگر اور جائز حقوق کیلئے ہمارا ساتھ دیں غیرت کی زندگی جینے کیلئے جمہوری مزاحمت کا راستہ اختیار کیا ہے نوجوان اس جدوجہد میں ہمارا ساتھ دیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے زیر اہتمام "بلوچستان کے سلگتے مسائل اور نوجوانوں کا کردار" کے عنوان سے یوتھ جرگہ سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے کیا یوتھ جرگہ سے جماعت اسلامی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ نائب امیر عبدالمتین اخوندزادہ، اسلامی جمعیت طلباء بلوچستان کے ناظم بہادر خان کاکڑ، جمعیت طلباء عربیہ کے منتظم حافظ صفی اللہ شاہوانی، امیر ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند، نجیب اللہ اخوانی، جے آئی یوتھ کوئٹہ کے صدر انجینئر عادل سلیمان خیل، یونس خان مجمود احمد، معصوم اللہ کاکڑ ودیگر نے اپنے خطاب میں کہا کہ بلوچستان کے عوام بے چینی کا شکار ہیں جگ

## بلوچستان میں بھرپور آپریشن کی ضرورت ہے، انوار الحق کاکڑ

### بھارتی سٹریٹجک غلط فہمی نے پاکستان کے موقف کو مضبوط کر دیا، انٹرویو

لاہور (بیورو رپورٹ) سابق نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے امریکہ کو ساری حقیقت معلوم ہو چکی، مودی کی حکمت عملی ناکام ہوگئی، پاکستانی قیادت نے ......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

دفاعی حکمت عملی اور خطے میں امن کے حوالے سے اہم موقف پیش کیا، انٹرویو میں انوار الحق کاکڑ نے کہا خضدار میں ہونے والی دہشت گردی کے دکھ کو الفاظ میں بیان نہیں کر سکتے، وقت آ چکا دہشتگردوں کا منہ توڑا جائے، بلوچستان میں دہشتگردی کے خاتمے کیلئے بھرپور آپریشن کی ضرورت ہے، دہشتگردی کے واقعات نئے نہیں، افغان قیادت کو غور کرنا ہوگا افغانستان میں دہشتگردوں کی پناہ گاہیں پاکستان کیلئے خطرہ بن سکتی ہیں، دونوں ممالک کے مفادات ایک دوسرے سے جڑے ہیں اور دہشتگردی کے خلاف مشترکہ تعاون ضروری ہے، پاکستان نے سیز فائر کے حوالے سے کبھی بھی بھیک نہیں مانگی، بھارتی سٹریٹجک غلط فہمی نے پاکستان کے موقف کو مضبوط کر دیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 26 MAY 2025

Page No. 8


# سیاسی عدم استحکام کے باعث ملکی بحرانوں میں اضافہ ہو رہا ہے، پشتونخوا میپ

## 2024ء کے الیکشن میں بھونڈے طریقے سے مداخلت نے ملک کو خارجی طور پر تنہا کر کے رکھ دیا، عبدالرحیم زیارتوال

### ملک میں کارکنوں کو بیزار اور انہیں مزید دلدل کی جانب دھکیلنے کی سازشیں ہو رہی ہیں، نواں کلی خلجی آباد علاقائی کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے کہا ہے کہ 8 فروری 2024ء کا الیکشن دراصل جنرل الیکشن کے نام پر ملکی تاریخ کا سب سے بڑا فراڈ تھا اور اب جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ حکومت پانچ سال پوری کرے گی یہ ملک کے عوام کے ساتھ جمہوریت کے نام پر بہت ڈاکے کے سوا کچھ نہیں تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی پہلے ہی بتلا چکے ہیں کہ فارم 47 کے نمائندوں سے ملک کے آئین کو پامال کرنے کا کام لیا جائے گا جو قیاس آرائیاں کی گئی آخر کار نام نہاد، فراڈ، دھوکہ دہی کے ......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

اسمبلیوں سے یہی کام لیا گیا اور ملکی آئین کی پامالی کی گئی ملک کے حقیقی، سیاسی، جمہوری، وطن دوست، قوم پرور کارکنوں کے سیاسی جمہوری وطن دوست ارادوں پر پانی پھیرنے اور انہیں مایوسی، بیزاری کے دلدل میں دھکیلنے کی سازشیں جاری ہیں 26 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے عدلیہ کو نام نہاد حکومت کی جی حضوری کا محتاج بنایا گیا (SIFC) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے ذریعے صوبائی خودمختاری اور فیڈریشن کے روح کو مجروح کیا گیا اور پیکا ایکٹ کے ذریعے میڈیا کی آزادی ختم کر دی گئی اور اس طرح ایس آئی ایف سی صوبائی خودمختاری پر حملے اور ہمارے صوبے کے مائنز و منرلز ایکٹ کو تبدیل کیا گیا اب صوبائی حکومت اور صوبے کے عوام اپنے معدنی خزانوں کے مالک نہیں رہے صوبائی خودمختاری کی پامالی کرتے ہوئے صوبے کی معدنیات، جنگلات، ماہی گیری، زراعت، آئی ٹی، کیپٹیلیشن و دیگر کے اختیارات وفاق چھین چکا ہے مرکز میں ان محکموں کے لئے متعدد کے افسران یا تو تعینات یا مقرر کرتے جا رہے ہیں دوسری جانب سخت ترین مہنگائی، بدترین بیروزگاری، پینے کے صاف پانی سے محرومی، بجلی اور گیس کی بدترین لوڈشیڈنگ جاری ہے ملک کو ہمہ جہت بحرانوں میں مبتلا کیا گیا ہے سیاسی عدم استحکام نہ ہونے کی وجہ سے ملک کے بحران مزید گہرے ہوتے جا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی ضلع کوئٹہ کے تحصیل صدر سے مربوط نواں کلی میں پارٹی رہنماء اکرم خلجی کی رہائش گاہ پر خلجی آباد علاقائی کانفرنس (انتخابات) سے خطاب کرتے ہوئے کیا کانفرنس کی صدارت تحصیل سیکرٹری نعیم پیرعلیزئی نے کی کانفرنس سے پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز منان خان بڑیچ، حبیب الرحمان بازئی، سردار ادریس بڑیچ، تحصیل سیکرٹری نعیم پیرعلیزئی نے خطاب کیا کانفرنس میں پارٹی کے صوبائی سیکرٹری برائے قانونی امور حبیب اللہ ناصر ایڈووکیٹ، ضلع سینئر معاونین ولی بریالی، نصیر احمد کاکڑ، ضلعی اور تحصیل ایگزیکٹیوز وکمیٹی کے اراکین نے بھی شرکت کی کانفرنس کے اختتام پر شرکاء کیلئے عشائیہ کا اہتمام بھی کیا گیا اس موقع پر خلجی آباد علاقائی یونٹ کے صدر روزی خان خلجی، جنرل سیکرٹری محمد کریم، مالیات سیکرٹری سید یونس آغا، اطلاعات سیکرٹری حیات اللہ، رابطہ سیکرٹری انور خان ہوتک جبکہ عنایت اللہ، سردار ہوتک، محمد گل، خان زہیر کابینہ کے اراکین منتخب ہوئے نومنتخب کابینہ سے پارٹی کے صوبائی رابطہ سیکرٹری گل خلجی نے حلف لیا مقررین نے منتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے بجا طور پر اس امید کا اظہار کیا کہ وہ پارٹی میں عوام کو شامل کرنے اور پارٹی کی دی گئی ذمہ داریوں کو احسن انداز سے نبھاتے ہوئے تنظیمی فعالیت کو دوبالا کریں گے مقررین نے کہا کہ آئین کے خلاف سیاست میں مداخلت کے ہم اس لئے خلاف ہیں کہ مقتدرہ قوتوں نے ملک کا آئین پامال کرتے ہوئے سیاست میں مداخلت کی ہے اور 2024ء کے الیکشن میں بہت بھونڈے طریقے سے مداخلت نے ملک کو اندرونی طور پر بحرانوں اور خارجی طور پر تنہائی سے دوچار کر رکھا ہے پاکستان میں حکومتیں جس طریقے سے قرضے لیتے رہے حالیہ حکومت روزانہ کی بنیاد پر قرض مقررین نے کہا کہ آئین کے تحت تشکیل کردہ ادارے اپنے آئینی دائرہ کار کے پابند نہ بنانے سے افراتفری اور لاقانونیت بڑھے گی ملک کے ہر آئینی ادارے کو ملک کے آئین کا پابند بنانا سیاسی جمہوری وطن دوست اور قوم پرور پارٹیوں اور ان کے سیاسی جمہوری کارکنوں کی ذمہ داری ہے مقررین نے کہا کہ ملک کی بقاء کیلئے سیاسی جمہوری راہ اپنانا، مسلط ناکام فارم 47 کی حکومتوں کو جاری رکھنا بربادی کے سوا کچھ نہیں۔

# کھیلوں کے میدان آباد کرنے سے منشیات کا خاتمہ ممکن ہے، زرک مندوخیل

### نوجوانوں کو قرضوں کے مواقع فراہم کرنے کیلئے وفاق سے بات کریں گے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن کے رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں نوجوان نسل کو منشیات سے دور کرنے کیلئے ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم کھیل کے میدانوں کو آباد اور عوام کو روزگار کے مواقع فراہم کریں متعلقہ تھانوں کی ذمہ داری ہے وہ اپنے علاقوں میں منشیات جیسی لعنت کے خاتمے کیلئے کریک ڈ......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

اون کا آغاز کریں نوجوان مطمئن رہیں ہم ان کے حقوق کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے، یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں نوجوانوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ ماضی کی پالیسی میں یہاں صرف وعدے اور عملی کام نہیں ہوا عوامی مسائل حل کرنے کیلئے سرکاری وسائل میں کرپشن اور کمیشن کا خاتمہ کریں گے فنڈز اور وسائل عوام پر خرچ کریں گے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے بے روزگاروں کو قرضوں کے مواقع فراہم کرنے کیلئے جو سلسلہ شروع کیا وہ خوش آئند ہے یہی سلسلہ بلوچستان میں بھی شروع کرنے کی ضرورت ہے جس پر جلد وفاقی وزراء اور دیگر اہم شخصیات سے ملاقات کر کے بات کریں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 26 MAY 2025 Page No. 8


## سوچے سمجھے منصوبے کے تحت بلوچوں سے روزگار چھینا جارہا ہے، مولانا لونی

### ایرانی تیل کے کاروبار پر پابندی اور بارڈر کی بندش اسی سلسلے کی کڑی ہے

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا عبدالروف نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مفتی فدا الرحمن صوبائی سرپرست مولانا خدائے نظر ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبداللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی عبداللطیف مجاہد صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی ڈپٹی سیکرٹری شیر جان صالح مولانا شاہ محمد میر مبارک خان محمد حسنی مولانا عبدالسلام بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں ایرانی

بقیہ نمبر 59 صفحہ 5 پر

ڈیزل اور پیٹرول کے کاروبار پر پابندی اور بارڈرز کی بندش سے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت عوام سے بچوں کا دو وقت کا نوالہ چھین رہا ہے وزیراعلیٰ گورنر اس صوبے کا رہنے والے ہیں کہ بلوچستان میں بیروزگاری سے کس حال تک پہنچ چکے ہیں ایرانی ڈیزل اور پیٹرول کے کاروبار پر پابندی اور بارڈرز کی بندش عوام کی معاشی قتل کرنے کی مترادف ہے یہاں نہ اور روزگار کی مواقع ہے نہ ہی زراعت ہے اور نہ ہی کوئی صنعتی شعبہ موجود ہے بلوچستان کے لوگوں کے روزگار کا دارومدار ایرانی پیٹرول اور بارڈرز پر ہے بارڈر پر مزدوری کرکے دو وقت کی روٹی مل رہی ہے ہزاروں لوگوں کے گھروں کے چولہے اسی سے جلتے ہیں انہوں نے کہا کہ فارم 47 حکومت نے عوام کی استحصال کے لئے کمر کس لی ہے ایرانی پیٹرول پر پابندی، بارڈروں کی بندش، اپنے وسائل اور معدنیات استفادہ کرنے سے محروم، سی پیک کی منصوبوں اور نئی صنعتوں کی قیام سے محروم کیا گیا۔

## لڑکی اغواء کیس میں لگائے گئے الزامات بے بنیاد ہیں، ڈاکٹر محمد خان مری

### واقعہ سے متعلق سچ سامنے لایا جائے، اغواء سے میرا کوئی تعلق نہیں، پریس کانفرنس

کوہلو (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو میں ڈاکٹر محمد خان بہمدانی مری نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے خود پر لگائے گئے الزامات کو بے بنیاد، جھوٹا اور کردار کشی پر مبنی قرار دیا۔ ڈاکٹر محمد خان نے کہا کہ حالیہ دنوں میں ایک نوجوان لعل خان نامی شخص نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے مبینہ طور پر اپنی بہن کے اغوا کا الزام مجھ پر عائد کیا ہے۔ حالانکہ ان کا اس واقعے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ نہ وہ لعل خان کو ذاتی طور پر جانتے ہیں نہ وہ ان کے قبیلے یا ذیلی شاخ سے ہیں اور نہ ہی ان کا کسی بھی طرح سے اس کیس سے کوئی لینا دینا ہے۔ انہوں نے واقعے کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ 28 اپریل کی رات تقریباً تین بجے لعل خان کی والدہ روتی ہوئی ان کے گھر آئیں اور بتایا کہ لعل خان اور اس کے تین دوست نشے کی حالت میں ان کے گھر زبردستی داخل ہوئے، ان پر تشدد کیا، اور ان کی بیٹی کے ساتھ زیادتی کی کوشش کی۔ متاثرہ خاتون کے بقول وہ جان بچا کر مدد کے لیے ان کے پاس آئیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated 26 MAY 2025 Page No. 10


## بوستان میں مسافر بس اغواء، اسسٹنٹ کمشنر نے لین دین کا تنازعہ قرار دیدیا

**بس کوئٹہ سے تونسہ جاری تھی، مسلح افراد مسافروں کو چھوڑ گئے، ملزمان کو جلد گرفتار کرلیا جائیگا، اے سی کاریزات**

پشین (نامہ نگار) بوستان میں نامعلوم افراد نے ایک بس سروس کی کوچ کو ڈرائیور اور کلینرز سمیت مبینہ طور پر اغواء کرلیا۔ جبکہ اسسٹنٹ کمشنر نے اسے لین دین کا تنازعہ قرار دیا۔ ذرائع کے مطابق بوستان کلی قاسم کے ساتھ واقع جمشید ہوٹل کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے ایک کمپنی کی بس جو کوئٹہ سے تونسہ چوک اعظم کیلئے جاری تھی کو اسلحہ کے زور پر ڈرائیور سمیت اغواء کر کے لے گئے۔ دوسری جانب اسسٹنٹ کمشنر کاریزات امیر حمزہ نے بتایا کہ کاریزات کی حدود بوستان کے علاقے میں مسافر بس کو اغواء نہیں کیا گیا ہے بلکہ دو ڈرائیوروں اور مسافر بس کو لین دین کے تنازعہ پر لے جایا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ مقامی انتظامیہ مسافر بس اور ڈرائیوروں کی بازیابی کے لئے جدوجہد کررہی ہے، جلد ہی ڈرائیوروں کو بازیاب کرالیا جائے گا، اے سی کاریزات کے مطابق بس میں سوار مسافروں کو مسلح افراد چھوڑ کر چلے گئے جلد ہی ملزمان کو بھی گرفتار کرلیا جائیگا۔ دریں اثنا بس ٹرانسپورٹ کمپنی کے عہدیداروں نے گورنر وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری اور ڈپٹی کمشنر پشین سے واقعے کا فوری طور نوٹس لیکر گاڑی اور ڈرائیوروں کو بازیاب کرانے کیلئے اقدامات اُٹھانے کا مطالبہ کیا ہے۔

AZADI QUETTA

## سدا بہار کمپنی کا کسی سے لین دین کا کوئی تنازعہ نہیں، ترجمان

**آل بلوچستان بس ٹرانسپورٹ یونین کے ترجمان کا انتظامیہ کے بیان پر وضاحتی بیان**

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان بس ٹرانسپورٹ یونین کے ترجمان نے بوستان میں سدا بہار کمپنی کی اغوا کی گئی مسافر کوچ کی وجہ لین دین کا تنازعہ سے متعلق انتظامیہ کے دعوؤں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے۔ کہ کمپنی کا کسی سے کوئی لین دین کا معاملہ نہیں اور وہ کسی بھی ایسے شخص کو نہیں جانتے جو لین دین کا دعویدار ہے۔ اپنے جاری کردہ وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 2 پر)

کئے گئے اس ادارے کا باقاعدہ افتتاح 28 مئی کو پاکستان میں روسی فیڈریشن کے سفیر البرٹ پی خوریف کریں گے۔ صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت فلکی بخاری مہمان اعزاز ہوں گی۔ افتتاحی تقریب میں سینئر صحافی، دانشور، وکلاء اور کاروباری شخصیات شرکت کریں گی۔

INTEKHAB QUETTA

## تربت پولیس کی کاروائیاں، چوری میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

تربت (نمائندہ انتخاب) تربت پولیس کی کاروائیاں، چوری میں ملوث 2 ملزمان گرفتار، مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد، ون ویلنگ کرنے والوں کے خلاف پولیس ایکشن، متعدد موٹر سائیکلیں پکڑلیں، تربت پولیس کے مطابق ایس پی کیچ کیپٹن (ر) زوہیب محسن کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی تربت سٹی نزیر احمد کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی تھانہ تربت شیر جان، ایڈیشنل ایس ایچ او محمد حسین دشتی بقیہ نمبر 44 صفحہ 5 پر

اے ایس آئی زمان شیر اور سی آئی اے اسٹاف نے کامیاب کاروائی کے دوران چوری میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کرلیا ملزمان کے نام نور احمد ولد علی جان اور رستم ولد محمد صالح ساکنان سری کہن بتائے جاتے ہیں، پولیس نے ملزمان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکلیں بھی برآمد کرلی ہیں ملزمان کے خلاف سٹی تھانہ تربت میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے جن سے پولیس تفتیش کررہی ہے، قبل ازیں تربت پولیس نے موٹر سائیکلوں کی ون ویلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے متعدد موٹر سائیکلیں ضبط کرلیں، تربت سٹی پولیس نے نوجوانوں کی جانب سے خطرناک اور غیر قانونی ون ویلنگ کرنے کے خلاف موثر کارروائی کرتے ہوئے بس ٹرمینل ایریا میں متعدد موٹر سائیکلیں ضبط کرلی ہیں، سوشل میڈیا پر ون ویلنگ کی ویڈیوز وائرل ہونے کے بعد پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ٹرمینل ایریا میں کارروائی کی اور قانون شکنوں کے خلاف سخت اقدامات کیے۔

## ہاںیٹ پولیس کی کارروائیاں، 4 ملزمان گرفتار، موبائل فون برآمد

حب (نمائندہ انتخاب) ایس ایس پی حب سید فاضل شاہ بخاری کی ہدایت پر SHO ہاںیٹ گل حسن پندرانی نے دیگر پولیس نفری کے ہمراہ بروقت کاروائی کرتے ہوئے 2 منشیات فروشوں منور ولد محمد انور، رحمت اللہ عرف ہابی ولد محمد رفیق کو گرفتار کرلیا اور ایک دوسری کاروائی میں موبائل فون جھپٹ مار گروہ کارندے حمزہ ولد خلیل احمد، عبدالقدیر ولد امان اللہ کو گرفتار کر کے چھینا گیا موبائل فون برآمد بقیہ نمبر 62 صفحہ 5 پر

کرلیا ہاںیٹ پولیس کے مطابق کاروائیوں گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی ہے اور مزید گرفتاریاں متوقع ہیں۔

## ساکران پولیس کی کاروائی اشتہار ملزم گرفتار مزید تفتیش شروع کردی

حب (نمائندہ انتخاب) ساکران پولیس کی کاروائی اشتہاری ملزم گرفتار مزید تفتیش شروع کردی اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر حب سید فاضل شاہ بخاری کی جانب سے مفرور اور اشتہار ملزمان کے خلاف کاروائیاں تیز کرنے بقیہ نمبر 47 صفحہ 5 پر

کی ہدایت پر SHO ساکران امین ساسولی نے دیگر پولیس نفری کے ہمراہ گزشتہ روز ایک چھاپہ مار کاروائی کے دوران اشتہار ملزم علی کو گرفتار کر کے مزید تفتیش شروع کردی ساکران پولیس کے مطابق زیر حراست ملزم سنگین نوعیت کے مقدمے میں ملوث تھا اور گرفتاری سے بچنے کے لیے مختلف مقامات پر روپوشی اختیار کیے ہوئے تھا۔

## حب سٹی پولیس کی کارروائیاں، ملزمان گرفتار، منشیات، اسلحہ و موٹر سائیکلیں برآمد

حب (نمائندہ انتخاب) ایس ایس پی حب سید فاضل شاہ بخاری کی ہدایت ایس ایچ او حب سٹی عبدالقادر شیخ کی قیادت میں منشیات فروشوں، اشتہاری مجرمان اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پولیس نے منشیات فروش ولی محمد کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 1015 گرام چرس، جبکہ دوسرے ملزم گل بیگ سے 600 گرام آئس (شیشہ) برآمد کی۔ دونوں کے خلاف علیحدہ مقدمات درج کیے گئے۔ ایک اور کارروائی میں تین بقیہ نمبر 57 صفحہ 5 پر

ملزمان فیاض ولی شاہ، مراد اور زیرداد گل محمد کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کراچی کے اورنگی ٹاؤن سے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کرلی گئی۔ رند مارکیٹ سے موٹر سائیکل چوری کی کوشش میں عبدالستار رنگے ہاتھوں گرفتار ہوا، جبکہ یوسف گوٹھ کراچی کے رہائشی عبدالباسط سے ندی کے قریب گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل چھیننے والے ملزمان کی فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل شدید زخمی ہوا۔ پولیس نے جوابی کارروائی میں سجاد عرف ٹریکٹر کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرلیا۔ ماہ رمضان کے دوران دکانوں میں ڈکیتیوں میں ملوث گروہ کے دو اہم کارندے گل بیگ اور ولی محمد بھی گرفتار کیے گئے، جنہوں نے متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا۔ پولیس نے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے گھیرا تنگ کرلیا ہے۔

## گنداواہ نوتال روڈ پر ڈاکوؤں کی لوٹ مار کے دوران فائرنگ سے ایک شخص زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب لانڈھی شریف کے ایریا گنداواہ نوتال روڈ پر ڈاکوؤں کی لوٹ مار کے دوران فائرنگ سے ایک شخص زخمی جبکہ ایک سرکاری گاڑی بھی فائرنگ کی زد میں ملزمان فرار ہوگئے پولیس کے بقیہ نمبر 51 صفحہ 5 پر

مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نوتال گنداواہ روڈ لانڈھی شریف کے مقام پر مسلح افراد ویگن مسافروں کو لوٹ رہے تھے اس دوران مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک مسافر زخمی ہوگیا جبکہ فائرنگ کی زد میں ایک سرکاری گاڑی بھی آگئی تاہم گاڑی میں سوار افراد محفوظ رہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 26 MAY 2025 Page No. 11


## نوکچاہ سے نوشکی تا لکپاس شاہراہ کی تعمیر میں تاخیر

حادثات اور دیگر مشکلات کا سامنا

خطرناک موڑ اور دشوار گزار پہاڑی سلسلے، شاہراہ کی بندش معمول، عوامی حلقوں کی اعلیٰ حکام سے توجہ دینے کی اپیل

نوشکی (نامہ نگار) کوئٹہ تفتان شاہراہ این 40 جو پاکستان کو ایران ترکی اور یورپ سے ملاتی ہے نوکچاہ سے لکپاس تک 300 کلومیٹر کی تعمیر کا کام 31 سال بعد بھی ادھورا ہے شاہراہ کے اس حصے میں خطرناک موڑ اور دشوار گزار پہاڑی سلسلوں کی وجہ سے اکثر حادثات اور دیگر مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے 12 سال قبل کیشنگی پاس کے قریب دو کلومیٹر متبادل سڑک کی تعمیر کا منصوبہ شروع کیا گیا تھا جو کہ طویل عرصہ گزرنے کے باوجود تشنہ تکمیل ہے یہ متعلقہ حکام کی عدم توجہی کا واضح ثبوت ہے سڑک کی خستہ حالی کی وجہ سے ٹریفک حادثات اور شاہراہ کی بندش معمول بن چکا ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ سلطان چڑھائی کیشنگی پاس منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں نوکچاہ تا لکپاس پروجیکٹ پر فروری 2024 میں پبلک ہیرنگ ہونے کے باوجود بھی نہ جانے منصوبے پر تعمیراتی کام کیوں شروع نہیں کیا جا رہا ہے عوامی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے توجہ دینے کی اپیل کی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ' پانی کا بحران سر اٹھانے لگا

ٹینکر مافیا عوام کو لوٹنے لگے فی ٹینکر پانی 2,000' 2,500 تا 3,000 روپے خود ساختہ نرخ مقرر

حکومت فوری نوٹس اور ٹینکر مافیا کیخلاف کارروائی عمل میں لائے' عوام کی اپیل

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث گھریلو پانی ناپید ہو کر رہ گیا ہے، جس کے نتیجے میں شہریوں کا مکمل انحصار پانی فراہم کرنے والے ٹینکروں پر بڑھ گیا اس صورتحال کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے ٹینکر مافیا نے فی ٹینکر ......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کرایہ 2,000 روپے سے بڑھا کر 2,500 تا 3,000 روپے تک کر دیا، مگر انتظامیہ کی جانب سے اس ظالمانہ مداخلت پر کوئی نوٹس نہیں لیا جا رہا۔ علاقائی سماجی و شہری تنظیموں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ: پانی کے سرکاری نرخ فوری طور پر متعین کیے جائیں تاکہ نرخوں میں بے ضابطگی اور مافیا کے استحصال پر قابو پایا جا سکے۔ لوڈشیڈنگ کا شفاف شیڈول جاری کیا جائے تاکہ عوام گھر کے اندرونی انتظامات بہتر طریقے سے کر سکیں خصوصی انکوائری کمیشن تشکیل دے کر غیر قانونی مداخلت کرنے والے اہلکاروں اور مافیا کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

AZADI QUETTA

## جناح روڈ کوئٹہ پر دکانداروں کا راستہ فٹ پاتھ پر بھی قبضہ، ریڑھیاں لگا کر آمد و رفت بند کردیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں متعدد سڑکوں کو نو پارکنگ کرنے کے انتظامیہ، حکومت اور ٹریفک پولیس کے فیصلے کے بعد فٹ پاتھوں پر دکانداروں نے موٹر سائیکلیں اور ریڑھیاں کھڑی کر کے پیدل چلنے والوں کیلئے مشکلات پیدا کردی ہے عوامی حلقوں نے حکومت اور انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ فٹ پاتھ پر کھڑی کی گئی موٹر سائیکلوں اور ریڑھیوں کو ہٹایا جائے اور ان کے خلاف کارروائی کی جائے موجودہ حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اقتدار سنبھالنے کے بعد صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی سربراہی میں پہلے مرحلے میں جناح روڈ کو منان چوک تک نو پارکنگ قرار دیا تھا اس کے بعد مرحلہ وار قندھاری بازار، لیاقت بازار، پرنس روڈ اور جناح روڈ کو پرنس روڈ تک گاڑیوں کیلئے نو پارکنگ قرار دیا جا چکا ہے ان فیصلوں کے بعد خریداری کیلئے آنے والے شہریوں کو اپنی گاڑیاں پارک کرنے کیلئے شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے حکومت کے اس فیصلے کے بعد دکانداروں نے جناح روڈ، (بقیہ نمبر 36 صفحہ نمبر 7 پر)

قندھاری بازار کی فٹ پاتھوں پر اپنی موٹر سائیکلیں اور متعدد مقامات پر ریڑھیاں لگا کر قبضہ کر لیا ہے اس کے علاوہ عدالت روڈ، میٹرو پولیٹن کارپوریشن کے اطراف میں فٹ پاتھ پر ریڑھی بانوں اور مختلف سامان فروخت کرنے والوں نے قبضہ کر کے پیدل چلنے والوں کا راستہ بھی بند کر دیا ہے جس کی وجہ سے شہر میں بڑھتے ہوئے ٹریفک کے رجحان کے بعد خواتین، بچوں اور بزرگ شہریوں کو فٹ پاتھ پر موٹر سائیکلوں اور ریڑھی بانوں کے قبضے کی وجہ سے پیدل چلنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان، کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی اور ایس ایس پی ٹریفک، ایس ایس پی ٹریفک سٹی پولیس سے درخواست کی ہے کہ فٹ پاتھ پر موٹر سائیکلوں کی پارکنگ اور قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی کر کے فٹ پاتھوں کو پیدل چلنے والوں سے واگزار کرایا جائے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

2[illegible] MAY 2025

Bullet No. 6 No. 12


## انسداد پولیومہم باہمی تعاون سے کامیاب بنانے کا عزم!

پوری دنیا سے پولیو جیسے موذی مرض کا خاتمہ ہوگیا ہے لیکن بدقسمتی سے پاکستان میں اس کا خاتمہ ممکن نہیں ہوسکا جوکہ بلاشبہ ایک بڑا لمحہ فکریہ ہے۔پاکستان میں پولیو کے اکثر کیس افغانستان سے بھی آتے ہیں۔یہ پاکستان کے لیے ایک بہت بڑا مسئلہ اور پولیو کے خاتمے میں ایک بہت بڑی رکاوٹ ہے۔اس کے لیے سخت اقدامات کرنا ناگزیر ہے۔

گذشتہ روز ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی کی زیرصدارت پولیو کے خاتمے کے قومی ہدف کے تحت شروع ہونے والی مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔جس میں محکمہ صحت ،سیکیورٹی اداروں، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران مہم کی تفصیلات اور اقدامات کا جائزہ اور ان پر عمل درآمد کے حوالے سے مختلف پہلوؤں پر غور کیا گیا۔انسداد پولیومہم پانچ روزہ اور دوروزہ کیچ اپ سرگرمی پر مشتمل ہوگی ۔جس کے دوران ضلع بھر میں 4لاکھ 65ہزار بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات یقینی بنانے کے لیے 1420 سیکیورٹی اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے ۔ڈی سی کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ انسداد پولیومہم کو ہرصورت کامیاب بنایا جائے گا۔تمام ادارے قومی ذمہ داری کے تحت پولیو کے خاتمے کے لیے بھرپور تعاون کریں اور انسداد پولیومہم کو کامیاب بنانے میں کوئی کسر نہ چھوڑیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پولیو کے خاتمے کے لیے شروع ہونے والی پولیومہم قابل تعریف اقدام ہے۔اس سے بچے پولیو جیسے موذی مرض سے چھٹکارا حاصل کرپائیں گے۔کیونکہ اگر پولیو کا بروقت علاج نہ کروایا گیا تو اس کا شکار ہونے والا بچہ پوری زندگی کے لیے معذور ہوجاتا ہے ۔اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت اس موذی مرض کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔اس سلسلے میں اکثر پولیومہم کا انعقاد کیا جاتا ہے جس میں پولیو ٹیمیں گھر گھر بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے لیے محنت کرتی ہیں اسی محنت کی وجہ سے پولیو کے مرض پر کافی حد تک قابو پالیا گیا ہے۔اب جوا کادکا کیسز آرہے ہیں ان کے خاتمے کے لیے بھی ٹیمیں اپنا اہم کردار ادا کریں گی۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ انسداد پولیومہم کو باہمی تعاون سے کامیاب بنانا چاہیے ۔اس میں سب سے اہم کردار والدین کا ہے اگر والدین اس سلسلے میں پولیومہم کے ساتھ بھرپور تعاون کریں تو اس مرض کا مکمل خاتمہ ممکن ہے۔اس طرح انسداد پولیومہم کو کامیاب بنانے کے لیے عوام میں شعور پیدا کیا جائے اور ان کو اس بات پر قائل کیا جائے کہ وہ اپنے بچوں کو ہر بار پولیو کے قطرے ضرور پلائیں کیونکہ اس میں ہی ان کے بچوں کا مفاد ہے اور وہ زندگی بھر کی معذوری سے بچ سکتے ہیں۔عوام میں شعور پیدا کرنے کے لیے اشتہاری مہم اور علماء کرام خصوصا مسجدوں کے پیش امام اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Express Quetta
Bullet No. 6
Dated 26 MAY 2025 Page No. 13

# Balochistan demands Real Development in FY 2525 - 26 Budget

As Balochistan prepares for its FY 2025-26 budget, the expectations of the common man are higher than ever. The people of the province, long deprived of equitable development, are no longer satisfied with mere promises or inflated allocations in the Public Sector Development Program. What they demand and rightly so are visible, life-changing outcomes. The upcoming budget must shift from traditional expenditure patterns to a results oriented approach, prioritizing productive and collective projects that uplift entire communities rather than serving select interests. For years, Balochistan's budgets have been criticized for favoring politically motivated schemes over sustainable development. While PSDP allocations are announced with much fanfare, their implementation remains sluggish, and benefits rarely trickle down to the masses. The 2025-26 budget must break this cycle by ensuring that every rupee spent translates into real progress better infrastructure, quality education, functional healthcare, and employment opportunities. Balochistan's rugged terrain and vast distances make connectivity a major challenge. While roads, bridges, and communication networks have been part of previous budgets, their execution has been inconsistent. The new budget must prioritize completing ongoing infrastructure projects rather than scattering resources on new, politically motivated schemes. A well-connected Balochistan will boost trade, reduce isolation, and integrate remote areas into the provincial economy.

Literacy rates in Balochistan remain among the lowest in Pakistan, while healthcare facilities are either absent or in shambles. The budget must ensure that schools are not just constructed but also staffed with qualified teachers and equipped with learning materials. Similarly, hospitals and basic health units need consistent funding for medicines, equipment, and trained personnel. Allocating funds is not enough the government must ensure their effective utilization. Unemployment and underemployment fuel discontent among Balochistan's youth. The budget should focus on labor intensive industries, agriculture modernization, and vocational training to create sustainable livelihoods. Projects like agro-processing zones, fisheries development, and mineral-based industries can harness the province's natural resources for public benefit rather than elite profit. Water scarcity is a growing crisis, with droughts devastating rural livelihoods. The budget must allocate substantial resources for dams, irri-

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 26 MAY 2025 Page No. 14

gation systems, and water conservation projects. Similarly, energy shortages cripple economic activity investment in solar and wind energy, given Balochistan's potential, should be a priority. A major criticism of past budgets has been the disproportionate focus on urban centers, leaving rural Balochistah neglected. The 2025-26 budget must ensure equitable distribution of resources, targeting the most underdeveloped districts. Moreover, transparency in project selection and execution is crucial. The culture of allocating funds to favored contractors or incomplete schemes must end. Even the most well designed budget will fail without strict oversight. The Balochistan government must establish a robust monitoring mechanism to track expenditures and project progress. Third-party audits and real-time public reporting can reduce corruption and inefficiency.

Province must improve its revenue generation. Over reliance on federal transfers limits fiscal autonomy. Strengthening tax collection, particularly from the mining and fisheries sectors, can provide additional funds for development. The people of Balochistan have waited too long for genuine progress. The FY 2025-26 budget must be a turning point one that prioritizes collective welfare over political point-scoring. It is not enough to announce grand allocations; the government must ensure that projects are completed, services are delivered, and benefits reach the poorest citizens. If the provincial leadership fails to deliver this time, public frustration will only grow. Balochistan's budget must be more than a financial document it should be a blueprint for transformation, where every spent rupee brings the province closer to prosperity. The common man does not need lofty promises; he needs roads that are built, schools that function, hospitals that heal, and jobs that sustain. The time for excuses is over the time for results is now.

CamScanner